باب نمبر ۱۵

Chapter 15

# رمضان کے متعلق اذکار

# ADHKAR OF RAMADHAN

## ۱۵۵۔ چاند دیکھنے پر دُعا

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب پہلی تاریخ کا چاند دیکھتے تو فرماتے:

**اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَ الْاِيْمَانِ، وَالسَّلَامَةِ ،وَالْاِسْلَامِ ، وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ ،وَتَرْضٰى، رَبُّنَا وَ رَبُّكَ اللّٰهُ .** (دارمی وترمذی)

اللہ سب سے بڑا ہے، اے اللہ! یہ چاند ہم پر امن و ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ نکال، اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جسکو تو پسند کرتا ہے۔ اور (جس سے) تو راضی ہوتا ہے (اے چاند) ہمارا اور تمہارا رب اللہ ہے۔ (دارمی، ترمذی)

## 155. Supplication on sighting the new moon

Abdullah bin Umar رضی اللہ عنہما narrated: When the Messenger of Allah ﷺ saw the new moon he said, "Allah is the greatest. O Allah! Let the crescent loom above us in safety, faith, peace, and Islam, and in agreement with all that You love and that which pleases You. Our Lord and your Lord is Allah."

(Daarami, Tirmidhi)

## رمضان المبارک کے تین عشرے

رمضان المبارک کے تین عشرے ہیں، ابتدائی حصّہ رحمت، درمیانی حصّہ مغفرت، اور آخری حصّہ جہنم کی آگ سے آزادی کا ہے۔ لہذا اس ماہِ مبارک میں تینوں عشروں کی مناسبت سے زیادہ سے زیادہ دُعائیں مانگنی چاہیں۔ چند ایک درج ذیل ہیں۔

## Three parts of Ramadhan

The first part of this blessed month is mercy, the second part is forgiveness, and the last part is freedom from the Fire of Hell. So make dua as much as according to the all three parts of this blessed month, Some of them are given below, (Baihaqi)

### پہلا عشرہ رحمت۔

### ۱۵۶۔ دنیا وآخرت کی بھلائی

**رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً ،وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً ،وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ .** (البقرة: ۲۰۱)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی خیر وبرکت دے اور آخرت میں بھی خیر وبرکت دے اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔ (البقرة:۲۰۱)

### First Part

### 156. Good for this world and Hereafter

Our Lord! Give us in this world that which is good and in the hereafter that which is good, and save us from the torment of the Fire!" (Al-Baqarah:201)

## ۱۵۷۔آسان محاسبہ کی درخواست

رَبَّنَا ،لَا تُؤَاخِذُنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ ،اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ، اِصْرًا كَمَآ حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا، مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَ اغْفِرْلَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ مَوْلٰنَا ، فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ .(سورہ البقرہ: ۲۸۶)

’’اے ہمارے رَبّ! ہم سے بھول چوک میں جو قصور ہو جائیں،ان پر گرفت نہ کر۔مالک! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال، جو تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالے تھے۔پروردگار! جس بار کو اُٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں ہے،وہ ہم پر نہ رکھ۔ہمارے ساتھ نرمی کر،ہم پر رحم کر،تو ہمارا مولیٰ ہے،کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد کر‘‘۔
(سورہ البقرہ:۲۸۶)

## 157. Request for easy Judgement

"Take us not to task if we forget and lapse in to error inadvertently. Lord! lay not on us the kind of burdens that you had lain on the people before us. Lord! lay not on us the kind of burden that we have not the strenght to bear. Be kind to us, forgive us and show mercy to us.You are our Protector : help us against the disbelievers." ( Al-Baqarah :286)

## ۱۵۸۔صراطِ مستقیم پر استقامت کی دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا، بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا ،وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً ، اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ (آلِ عمران:۸)

اے ہمارے رب جب تو ہمیں سیدھے راستے پر لگا چکا ہے تو پھر ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا اور ہمیں اپنے خزانۂ فیض سے رحمت عطا کر کہ تو ہی فیاض حقیقی ہے۔ (آلِ عمران ۸)

## 158.Supplication for steadfastness on straight path

"Our Lord! Let not our hearts deviate now after you have guided us, but grant us mercy from Your Own Presence; For You are the bestower of bounties without measure."

(Al-e-Imran:8)

## ۱۵۹۔حضرت آدم علیہ السلام اور بی بی حوّا کی دعا

حضرت آدم علیہ السلام اور بی بی حوّا نے غلطی ہونے پر یہ دعا مانگی۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ أَنْفُسَنَا ،وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا، وَ تَرْحَمْنَا، لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (الاعراف ۲۳)

”اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے آپ کو خود تباہ کیا۔اور اگر تو ہم کو معاف نہیں فرمائے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم بالکل برباد ہو جائیں گے۔“ (الاعراف۲۳)

## 159. Supplication of Prophet Adam علیہ السلام and Eve

"Our Lord! We have wronged ourselves; If You forgive us not, and bestow not upon us Your Mercy, we shall certainly be of the losers." (Al-'Araf:23)

۱۶۰۔ فتنے سے بچنے کی دُعا

رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا، فِتۡنَةً لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ o وَنَجِّنَا بِرَحۡمَتِكَ مِنَ الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ o (يونس:٨٥،٨٦)

''اے ہمارے ربّ! ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنا، اور اپنی رحمت سے ہم کو کافروں سے نجات دے۔''
(یونس:۸۵،۸۶)

## 160. Supplication to save self from trial

"Our Lord! Do not make us a trial for the oppressors, and deliver us, through Your mercy, from the unbelievers." (Yonus:85,86)

۱۶۱۔ والدین کیلئے دُعائے رحمت

'' رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيۡ صَغِيۡرًا .'' (بنی اسرآئیل:٢٤)

''پروردگار! ان پر رحم فرما، جس طرح اِنھوں نے رحمت وشفقت کے ساتھ مجھے بچپن میں پالا تھا۔''
(بنی اسرآئیل:۲۴)

## 161.Supplication of mercy for parents

" Lord ! be merciful to them just as they brought me up with kindness and affection." (Bani Israeel:24)

۱۶۲۔ معاملات کی درستگی کی دُعا

''رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً ،وَّ هَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا.'' (الكهف: ١٠)

''اے پروردگار! ہم کو اپنی رحمتِ خاص سے نواز، اور ہمارا معاملہ درست کردے'' (کھف:۱۰)

## 162. Supplication for improvment of matters

" Our Lord!  have a special mercy on us from Thyself and guide us out  of our ordeal aright." ( Al-Kehf: 10)

## ۱۶۳. رحم وکرم کی التجا

رَبِّ اغْفِرْ، وَارْحَمْ ،وَاَنْتَ خَيْرُالرَّاحِمِيْنَ. (مومنون:۱۱۸)

’’اے میرے پروردگار !ہمارے قصور معاف کراور ہمارے حال پر رحم فرما اورتو (سب )رحم کرنے والوں سے بہتر (رحم کرنے والا ) ہے‘‘۔(مؤمنون:۱۱۸)

## 163. Supplication for requesting mercy

" Lord! Forgive and have mercy, for You are the best of those who show mercy!" (Al-Mu'minun:18)

## ۱۶۴۔حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا

’’رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ ،اَنْ اَشْكُرَ ،نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ ،وَعَلٰی وَالِدَیَّ ،وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ ،وَ اَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ .‘‘ (النمل:۱۹)

’’اے میرے ربّ! مجھے قابو میں رکھ کہ میں تیرے اس احسان کا شکرادا کرتا رہوں، جوتو نے مجھ پراور میرے والدین پرکیا ہے،اور ایسا عملِ صالح جو تجھے پسند آئے ،اور اپنی رحمت سے مجھ کو اپنے صالح بندوں میں داخل کرے‘‘(نمل:۱۹)

## 164.Supplication of Prophet Sulaiman علیہ السلام

" O My Lord! restrain me so that I may render thank to Thee for Thy favours which Thou hast bestowed upon me and my parents, and (enable me ) to do such good work as may please Thee; and admit me, by Thy mercy, among Thy righteous servants." ( An-Namal:19)

## ۱۶۵۔حاملانِ عرش کا دعائے استغفار

اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ ،وَ مَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ،
بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ،وَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ،وَ يَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ج رَبَّنَا وَسِعْتَ ، كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً ،وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ ،لِلَّذِيْنَ
تَابُوْا ،وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ ،وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا
وَ اَدْخِلْهُمْ ،جَنّٰتِ عَدْنِ ۨ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ ،وَمَنْ صَلَحَ
مِنْ اٰبَآئِهِمْ ،وَ اَزْوَاجِهِمْ ،وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ط اِنَّكَ اَنْتَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ط وَ مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ
يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمِ.“

(المؤمن:۹،۸،۷)

” عرشِ الٰہی کے حامل فرشتے،اور وہ جو عرش کے گرد وپیش حاضر رہتے ہیں،سب اپنے رب کی حمد کے ساتھ اسکی تسبیح کرر ہے ہیں۔وہ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان لانے والوں کے حق میں دُعائے مغفرت کرتے ہیں۔وہ کہتے ہیں” اے ہمارے ربّ! تو اپنی رحمت اور اپنے علم کے ساتھ ہر چیز پر چھایا ہوا ہے،پس معاف کردے،اور عذابِ دوزخ سے بچالے،اُن لوگوں کو،جنھوں نے توبہ کی ہے اور تیرا راستہ اختیار کرلیا ہے۔

اے ہمارے رب! اور داخل کر اُن کو ہمیشہ رہنے والی اُن جنّتوں میں جنکا تو نے اُن سے وعدہ کیا ہے، اور انکے والدین، اور بیویوں، اور اولا دمیں سے جو صالح ہوں (اُن کو بھی وہاں اُن کے ساتھ ہی پہنچادے) تو بلا شبہ قادرِ مطلق اور حکیم ہے۔'' (مؤمن: ۷، ۸، ۹)

## 165. Supplication of Angels for repentance

The angels that bear the Throne and those that are around to extol your Lord's glory with His praise,they believe in Him, and ask forgiveness for the believers, saying, " Our Lord! You encompass everything with Your Mercy and Knowledge. So forgive those that repent and follow Your path, and gaurd them against the chastisement of Hell. Our Lord! admit them to the everlasting Gardens You have promised them and those of theirs fathers and spouses and progeny that were righteous. Surely You alone are Most Mighty, MostWise; and gaurd them against all ill. He Whom You gaurd against ills on that Day, to him You have surely been Most Merciful.That is the great triumph." (Al-Mo'min: 7,8,9)

## ۱۶۶۔فکر اور پریشانی میں فریاد

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ اِذَا کَرَبَهٗ اَمْرٌ يَقُوْلُ ''يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِيْثُ'' وَقَالَ'' اَلِظُّوْا بِيَا ذَاالْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ'' (ترمذی)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو جب کوئی فکر اور پریشانی لاحق ہوتی تو آپ ﷺ کی دعا یہ ہوتی تھی ''اے حیّ وقیّوم! بس تیری رحمت سے مدد چاہتا ہوں'' اور دوسروں سے فرماتے'' یا

ذوالجلال ولاکرام سے چمٹے رہو' یعنی اس کلمہ کے ذریعہ اللہ سے استغاثہ اور فریاد کرتے رہو۔ (ترمذی)

## 166. Supplication for anxiety and grief

Anasرضی اللہ عنہ narrated: When anything caused anxiety to the Messenger of Allahﷺ he made this supplication:

"O the Living! O the Eternal! I seek help in Your grace."

And he said to the other people:

"Bound yourselves to these words Ya zal Jalaliwa al-ikram (O the Lord of Majesty and Bounty) (Tirmidhi)

## ۱۶۷۔ دوسرا عشرہ گناہوں کی بخشش

باب۱۵ دعا نمبر۱۵۹ دیکھیں

## Second part of Ramadhan,Seeking forgiveness for sins

167. Please see chapter 15 supplication 159

## ۱۶۸۔ گناہوں کی بخشش کی درخواست

**رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا ،فَاغْفِرْلَنَا ،ذُنُوْبَنَا ،وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ** . (آلِ عمرَان:١٦)

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے ہیں، پس ہمیں ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ (آل عمران۱۶)

## 168. Supplication for requesting forgiveness

"Our Lord! We have indeed believed; so forgive us our sins and save us from the punishment of the Fire." (Al-e-Imran:16)

## ۱۶۹. معافی اور استقامت

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا ،وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا ،وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا ،وَانْصُرْنَا ،عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ . (آلِ عمران:۱۴۷)

اے ہمارے رب! ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہمارے قدم جمادے اور کافروں پر فتح دے۔(آلِ عمران ۱۴۷)

## 169. Supplication for forgiveness and stead fastness

"Our Lord! Forgive us our sins and our transgressions (in keeping our duties to You), establish our feet firmly, and give us victory over the disbelieving folk." (Al-e-Imran:147)

## ۱۷۰. ایک پکارنے والے کی پکار پر لبیک

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا ،مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ، اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ، رَبَّنَا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا، وَ كَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا، وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ . (آلِ عمران:۱۹۳)

''اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا، کہ ایمان کی طرف بلاتا تھا اور کہتا تھا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ بخش دے۔ ہماری برائیوں کو ہم سے دھو دے اور ہم کو دنیا سے، نیک بندوں کے ساتھ موت دے''۔(آلِ عمران ۱۹۳)

## 170. A response to the prayer of a Believer

"Our Lord! Verily, we have heard the call of one (Muhammad) calling to Faith: 'Believe In Your Lord,' and we have believed. Our Lord! Forgive us our sins and remit from us our evil deeds, and make us die in the state of righteousness along with Al-Abrâr (those who are obedient to Allâh and follow strictly His Orders).' (Al-e-Imran:193)

۱۷۱. عشرہ رحمت کی دعا نمبر ۱۵۸ دیکھیں

171. Please see the chapter 15 supplication No: 158.

## ۱۷۲. اہل ایمان کی بخشش کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرلِیْ ،وَلِوَالِدَیَّ، وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ. (ابراھیم: ۴۱)

اے ہمارے رب! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور ایمانداروں کو حساب قائم ہونے کے دن بخش دے۔

(ابراھیم ۴۱)

## 172. A Believer's supplication for forgiveness

"Our Lord! Forgive me and my parents, and (all) the believers on the day when the reckoning will be established."

(Ibrahim:41)

## ۱۷۳۔ سعادتمند اولاد کی اپنے والدین کیلئے دُعائے خیر

رَبِّ اَوْ زِعْنِیْٓ ,اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ، وَعَلٰی وَالِدَیَّ ،وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰہُ ،وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَتِیْ ط اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَ اِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ.

(احقاف:۱۵)

''اے میرے ربّ! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اُن نعمتوں کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائیں، اور ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو، اور میری اولاد کو بھی نیک بنا کر مجھے سکھ دے، میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں، اور تابع فرمان (مسلم) بندوں میں سے ہوں''۔ (احقاف:۱۵)

## 173. Supplication for a parents well-being from their children "

My Lord, dispose me that I may give thanks for the bounty that You have bestowed upon me and my parents, and dipose me that I may do righteous deeds that would please You, and also make my descendants righteous. I repent to You, and I am one of those who surrender themselves to You."( Al-Ahqaf:15)

## ۱۷۴۔ اپنے اور اہل ایمان کیلئے دعائے خیر

رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ،وَ لِاِخْوَانِنَا ،الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ ،وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ،رَبَّنَآ اِنَّکَ رَءُ وْفٌ رَّحِیْمٌ .

(الحشر:۱۰)

اے ہمارے رب! بخش دے ہمکو اور ہمارے بھائیوں کو جو، ہم سے پہلے، ایمان کے ساتھ داخل ہوئے اور مومنوں کی طرف سے، ہمارے دلوں میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دے۔ اے ہمارے رب! تو بڑا شفقت کرنے والا اور مہربان ہے۔ (حشر:۱۰)

## 174.Supplication for the well-being of yourself and every believer "

Our Lord! Forgive us and our brethren who have preceded us in faith, and put not in our hearts any hatred against those who have believed. Our Lord! You are indeed full of kindness, Most Merciful. (Al-Hashr:10)

## ۱۷۵۔کافروں کے لئے آزمائش نہ بنا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ج
اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔(ممتحنہ:۵)

"اے ہمارے ربّ، ہمیں کافروں کے لیے فتنہ نہ بنا دے، اور اے ہمارے ربّ، ہمارے قصوروں سے درگزر فرما، بے شک تُو ہی زبردست اور دانا ہے۔" (ممتحنہ:۵)

## 175. Supplication for not becoming a trial for unbelievers"

Our Lord, do not make us a test for the unbelievers, and forgive us,our Lord. Surely You are Most Mighty,Most Wise."

(Al-Mumtahana:5)

## ۱۷۶۔نور کی تکمیل

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ۔ (تحریم:۸)

اے ہمارے رب! پوری کر دے ہمارے لئے ہماری روشنی اور بخش دے ہمکو، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔
(تحریم:۸)

## 176 Supplication for the completion of our Light

"Our Lord! Keep perfect our light for us [and do not put it off till we cross over the Sirât (a slippery bridge over the Hell) safely] and grant us forgiveness. Verily, You are able to do all things." (At-Tahreem:8)

## ۱۷۷۔اپنے اورمؤمنین کے لئے دُعائے مغفرت

رَبِّ اغْفِرْلِیْ ،وَلِوَالِدَیَّ ،وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا، وَّ لِلْمُؤْمِنِیْنَ، وَالْمُؤْمِنٰتِ ، وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا تَبَارًا.

(نــوح: ۲۸)

" اے میرے ربّ، مجھےاور میرے والدین کو، اور ہراس شخص کو جو میرے گھر میں مومن کی حیثیت سے داخل ہوا ہے، اور سب مومن مردوں اور عورتوں کو معاف فرما دے، اور ظالموں کے لیے ہلاکت کے سوا کسی چیز مین اضافہ نہ کر۔" (نوح:۲۸)

## 177. Supplication for asking forgiveness for ourselves and all Believers "

My Lord, forgive me and my parents,and whoever enters my house as a believer, and forgive all believers, both men and women, and do not increase the wrong-doers in any thing except predition," (Nuh: 28)

## ۱۷۸۔ توبہ واستغفار سے کثیر گناہوں کی مغفرت

باب نمبر ۱۱ کی دُعا نمبر ۸۸ دیکھیں

## 178. Forgiveness of sins through repentance

Please see chapter 11, Dua 88

## ۱۷۹۔ مجلس کے اختتام پر دعائے مغفرت

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ مَنْ جَلَسَ مَجْلِساً کَثُرَ فِیْهِ لَغَطُهٗ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَّقُوْمَ مِنْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِکَ "**سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ ،وَ بِحَمْدِکَ اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ،اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ**" اِلَّا غَفَرَاللّٰہُ لَهٗ مَا کَانَ فِیْ مَجْلِسِهٖ ذَالِکَ ۔ (ترمذی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مجلس میں بیٹھا جس میں اس سے بہت سی قابل مواخذہ فضول ولایعنی باتیں سرزد ہوئیں، مگر اس نے اس مجلس سے اٹھتے وقت کہا:

**سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِکَ اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ** "اے اللہ! میں تیری حمد کے ساتھ تیری پاکی بیان کرتا ہوں گواہی دیتا ہوں کہ صرف تو ہی معبود برحق ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں اپنے گناہوں کی تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور تیرے حضور میں توبہ کرتا ہوں" تو اللہ تعالیٰ اسکی ان سب لغزشوں کو معاف کردے گا جو اُس مجلس میں اس سے سرزد ہوئیں (ترمذی)

## 179. Supplication for ending a gathering

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ narrated:The Messenger of Allah ﷺ said, "If a person sits in a gathering where many clamour, and pointless and meaningless conversations ensues, yet he says before getting up, ‘How perfect You are O Allah! And I praise You. I bear witness that none has the right to be worshipped except You. I seek Your forgiveness and turn to You in

repentance."

Then Allah will forgive all his misdeeds that were ensued by him during the gathering. (Tirmidhi)

## ۱۸۰۔تیسرا عشرہ، جہنم کی آگ سے نجات

دعا نمبر ۱۵۶ دیکھیں

## 180.Third part of Ramadhan, Supplication of salvation from the Hellfire

Please see supplication 156

## ۱۸۱.

دعا نمبر ۱۶۸ دیکھیں

## 181.

Please see supplication 168

## ۱۸۲۔معافی اور ثابت قدمی کی دُعا

**رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا ،وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا ،وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا ،وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ** . (آلِ عمران:۱۴۷)

’’اے ہمارے رب! ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہمارے قدم جمادے اور کافروں پر فتح دے۔‘‘ (آل عمران:۱۴۷)

## 182. Supplication for forvieness and standing firm

"Our Lord! Forgive us our sins and our transgressions (in keeping our duties to you), establish our feet firmly, and give us victory over the disbelieving folk." (Al-e-Imran:16)

## ۱۸۳۔ دوزخ کے عذاب سے پناہ کی درخواست

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ، سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ، وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ. (آلِ عمران: ۱۹۱ تا ۱۹۲)

"اے ہمارے پروردگار! یہ سب کچھ تو نے فضول اور بے مقصد نہیں بنایا ہے، تو پاک ہے اس سے کہ عبث کام کرے، پس اے رب! ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے، تو نے جسے دوزخ میں ڈالا اسے درحقیقت بڑی ذلت اور رسوائی میں ڈال دیا، اور پھر ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔" (آل عمران ۱۹۱،۱۹۲)

## 183.A request for seeking refuge from the torment of the Hellfire

"Our Lord! You have not created (all) this without purpose, Glory to You! (Exalted be You above All that they associate with You as partners), give us salvation from the torment of the Fire.

"Our Lord! Verily, whom so ever You admit to the Fire, indeed, You have disgraced him, and never will the Zâlimûn (polytheists and wrong-doers) find any helpers." (Al-e-Imran:191,192)

۱۸۴۔ جہنم کی آگ سے رہائی

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ،اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا،

o اِنَّهَا سَآءَ تْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا . (الفرقان:٦٥-٦٦)

''اے ہمارے رب ہم سے جہنم کا عذاب دور کر دے بے شک اس کا عذاب جان لیوا ہے یقیناً وہ بہت ہی بری جگہ ہے ٹھہرنے کی اور مقام کرنے کی۔'' (فرقان:٦٥-٦٦)

## 184. Freedom from Hellfire

"Our Lord! Avert from us the torment of Hell. Verily! its torment is an ever inseparable, permanent punishment. "Evil indeed it (Hell) is as an abode and as a place to dwell.

(Al-Furqan:65-66)

۱۸۵۔ جنت میں گھر، بی بی آسیہ نے، فرعون کے محل میں دل لگانے کی بجائے یہ دعا مانگی

رَبِّ ابْنِ لِیْ عِنْدَکَ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ (تحریم:١١)

" اے میرے رب میرے لیئے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا"۔ (تحریم:١١)

## 185. Supplication of Asiya رضی اللہ عنہا

"My Lord! Build for me a home with You In Paradise".

(At-Tahreem:11)

۱۸۶۔ عذاب جہنم سے پناہ

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار (بخاری)

''اے اللہ ہمیں آگ کے عذاب سے بچا''۔ (بخاری)

## 186. Protection from the punishment of the Fire

"O Allah! Save me from the Hell-fire." (Bukhari)

۱۸۷۔

باب نمبر۱۱ کی دُعا نمبر ۸۷ دیکھیں

187.Please see chapter 11, supplication 87

## ۱۸۸۔ رحم وکرم کی درخواست

اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ ، كَاشِفَ الْغَمِّ ،مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ، رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَ رَحِيْمَهَا، اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ، فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ ،تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةٍ مَنْ سِوَاكَ

(مستدرک،عائشه رضی الله عنها)

''اے اللہ! فکرمندی دور فرمانے والے، غم کے ہٹانے والے، بے قراروں کی دعاؤں کے قبول فرمانے والے، دنیا پر بہت مہربانی فرمانے والے، اور اس پر نہایت رحم فرمانے والے، تو مجھ پر رحم فرماتا ہے، پس تو مجھ پر رحم فرما، ایسی رحمت کے ساتھ جسکے ذریعہ تو مجھے بے نیاز فرما دے، دوسروں کے رحم کرنے سے''۔

(مستدرک، عائشہ رضی اللہ عنہا)

## 188. Request for blessings and mercy

"O Allah! The reliever of distress, The remover of sadness, and The acceptor of dua of the afflicted, The most merciful in this world and very kind, You are merciful to me, so be merciful to me with mercy so that I may not need the mercy of others." ( Mustadrik, Ayeshaرضی اللہ عنہا)